# UNIVERSITY OF HEALTH SCIENCES LAHORE

# MBBS & BDS ADMISSIONS

## PRIVATE SECTOR MEDICAL & DENTAL COLLEGES OF PUNJAB

## SESSION 2023-2024




In compliance with the Admission Policy, notified by the Government of Punjab on 27th September, 2023, the University of Health Sciences (UHS), Lahore, invites applications from the eligible candidates, through its online application portal, for admission to MBBS and BDS programs in Private Sector Medical and Dental Colleges of Punjab for the Session 2023-2024.

### ELIGIBILITY CRITERIA FOR MERIT SEATS:

i. The candidate must have passed the MDCAT-2023 with a minimum of **55% (i.e. 110/200) marks for MBBS and 50% (i.e. 100/200) marks for admission to BDS program.** Please note that the result of last year's MDCAT (i.e. MDCAT-2022) shall not be valid for seeking admission in the Session 2023-24.

ii. The candidate must possess a Higher Secondary School Certificate (HSSC) qualification or an equivalent 12th grade qualification recognized in Pakistan (IBCC Equivalence Certificate is mandatory in this case) and having obtained minimum **60% marks** therein, and has passed the subjects of Biology and Chemistry and either Physics or Mathematics in the examination.

iii. The candidate having the domicile certificate of any district of Pakistan can apply. However, as per Section 17(4) of Pakistan Medical & Dental Council Act 2022, preference shall be given in admissions to candidates having domicile of Punjab.

### ELIGIBILITY CRITERIA FOR FOREIGN SEATS:

i. No candidate shall be eligible for foreign quota seats unless he/she holds a permanent foreign nationality or is an Overseas (being a Pakistani citizen permanently resident in a foreign country) Pakistani, and who has studied and passed HSSC/12th grade examination or equivalent from outside Pakistan with minimum **60% marks** (IBCC Equivalence Certificate is mandatory in this case) and is a resident of a foreign country at the time of applying for admission and possess a certificate from the institution last attended to this effect. He/she must have passed the subjects of Biology and Chemistry and either Physics or Mathematics in the examination.

ii. The candidate must have qualified SAT-II with minimum score of 550 in Biology and Chemistry and either Physics or Mathematics each or a foreign MCAT examination or UCAT examination with minimum 50% marks.

iii. Where any seat of foreign quota remains vacant due to unavailability of eligible candidates or otherwise, it shall stand transferred to open merit and the student shall be charged fee and dues prescribed for Merit Seat. An ineligible candidate shall not be admitted against such seats.

### MERIT CALCULATION FORMULA

The weightage criteria for calculation of merit for admission shall be as follows:

| | | |
|---|---|---|
| **Matriculation/SSC/Equivalent** | - | **10%** |
| **F.Sc./HSSC Pre-Medical / Equivalent** | - | **40%** |
| **MDCAT** | - | **50%** |

### HOW TO APPLY

**Step 1:** Visit the Online Admission Portal for Private Sector Medical and Dental Colleges on the UHS website (www.uhs.edu.pk).

**Step 2:** Create an account by providing your Name, Father/Guardian Name, Email ID and a Password.

**Step 3:** First, indicate your preference for the MBBS and BDS programs. You can choose either MBBS or BDS or both. If you select both MBBS and BDS, you will need to specify your preference for each program. After choosing a program, select the category or categories of seats (i.e. Merit or Foreign/Self-Finance) you wish to apply for.

**Step 4:** Fill in your personal details on the application form, including your name, domicile, contact information, address, nationality, gender, date of birth, etc.

**Step 5:** Enter your qualification details, such as your SSC and HSSC marks, year of passing, subjects/study group, etc.

**Step 6:** Provide details about your MDCAT or other admission test scores.

**Step 7:** Determine the order of preference for medical and/or dental colleges. You can select as many colleges as you wish to enter, depending on the seat category. You can edit your application until the closing date, but the number and order of preference will be final and unchangeable after the submission deadline. Colleges not included in your preference list will not be considered for admission.

**Step 8:** Upload scanned documents, ensuring each document is within a maximum size of 2 MB, as specified in the advertisement published in national newspapers on 8th October 2023 (also available on UHS website: www.uhs.edu.pk).

**Step 9:** Read and acknowledge the Undertaking/Affidavit. Verify the provided information and attachments before submission.

**Step 10:** Submit the online application. You will receive a confirmation notification via your email address and primary mobile number. Download and print both the submitted application and the bank challan for the processing fee.

**Step 11:** Visit the nearest branch of The Bank of Punjab (BOP) with the fee challan to deposit the non-refundable Admission Processing Fee of Rs. 2,000 per program. Your application process is now complete.

### IMPORTANT

i. Applications must be submitted exclusively through the Online Portal of Private Sector Colleges. Any applications that are incomplete or are submitted in violation of the prescribed procedure shall be rejected. Failure to pay the processing fee by the specified due date shall also result in application rejection. While you do not need to submit a print-out of the application or the receipt of paid fee to the University, it is advisable to keep them for your personal records.

ii. The candidature/admission of a candidate found to have submitted forged/fake/fabricated documents or incorrect/false information shall be cancelled immediately.

iii. All Merit and Selection Lists shall be made available on the UHS website (www.uhs.edu.pk).

**iv. Selected candidates will be required to download the College Fee Challan of Rs. One Million for Merit Seat and US$ 10,000 for Foreign Seat from the Online Admission Portal and deposit amount at designated branches of the Bank of Punjab (BOP). Failing to do so within the stipulated time period shall result in the loss of the right to admission and/or upgradation in subsequent list(s).**

**v. To be considered as admitted candidates, individuals must take two crucial steps: (a) deposit the prescribed college fee as per the method given above by the specified due date and (b) report in writing to their respective colleges by the due date. Only those who complete these actions will be considered as admitted to the program. Selected candidates shall be given three (03) working days to deposit the prescribed fee after the display of the selection list.**

**vi. The candidate will have to pay the remaining fee and other dues after the conclusion of admission process at the respective college where his/her admission has been finalized. In case of non-payment of remaining amount, his/her admission will be cancelled.**

**vii. Second and subsequent selection lists will fill any vacancies through the up-gradation process, which is determined by merit and preference. It's important to note that written requests for retaining status in the previous college shall be allowed to a candidate. However, in that case, he/she will have no further right to upgradation in subsequent list(s).**

**viii. For the list of recognized colleges and number of approved seats, please visit the website of Pakistan Medical and Dental Council (https://pmdc.pk/Colleges/PrivateMedicalColleges). For information about fee structure, please visit the website of respective colleges**

### ADMISSION SCHEDULE

| Sr No. | Description | Date | |
|---|---|---|---|
| 1. | Online Application (Start Date) | **16th October, 2023 (Monday) 09:00 AM** | |
| 2. | Online Application (Closing Date) | **31st October, 2023 (Tuesday) 05:00 PM** | |
| 3. | Provisional Merit List | 2nd January, 2024 (Monday) | |
| 4. | Final Merit List | 5th January, 2024 (Friday) | |
| | **Selection Lists** | **MBBS** | **BDS** |
| 5. | First College-wise Selection List | 8th January, 2024 | 12th February, 2024 |
| 6. | Last date of submission of College Fee at BOP | By 11th January, 2024 | By 15th February, 2024 |
| 7. | Second Selection/Up-gradation List | 15th January, 2024 | 16th February, 2024 |
| 8. | Third Selection/Up-gradation List | 22nd January, 2024 | 22nd February, 2024 |
| | Commencement of classes | **1st February, 2024** | **1st March, 2024** |


**Prof. Dr. Ahsan Waheed Rathore**

Vice Chancellor
**University of Health Sciences,**
**Khayaban-e-Jamia Punjab, Lahore-54600**
**Ph: 042-99231305-09**

/uhs.lhrofficial /uhs.lhrofficial /uhslhrofficial /uhslhrofficial www.uhs.edu.pk


6 x 40 Col.

# یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز لاہور

## ایم بی بی ایس/بی ڈی ایس داخلے

### پنجاب کے نجی (پرائیویٹ) میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں میں

**داخلہ برائے سیشن 2023-24**




حکومت پنجاب کی 27 ستمبر 2023 کو جاری کردہ ایڈمیشن پالیسی کی رو سے یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز لاہور کو صوبے کے نجی (پرائیویٹ) میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں میں ایم بی بی ایس اور بی ڈی ایس پروگرامز میں داخلہ برائے سیشن 2023-24ء کیلئے اہل امیدواروں سے آن لائن اپلیکیشن پورٹل کے ذریعے درخواستیں مطلوب ہیں۔

### میرٹ سیٹوں کے لیے اہلیت

(i) امیدوار کیلئے لازم ہے کہ اس نے ایم ڈی کیٹ 2023 کا امتحان پاس کیا ہوا۔ ایم بی بی ایس میں داخلے کیلئے کم از کم 55 فیصد (110/200) نمبرز اور بی ڈی ایس میں داخلے کیلئے کم از کم 50 فیصد (100/200) نمبروں کی شرط ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ سال یعنی 2022ء کے ایم ڈی کیٹ کے نتائج اس سال داخلے کیلئے قابل قبول نہ ہوں گے۔

(ii) امیدوار نے ہائیر سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ یا مساوی اہلیت کا بارہویں کا امتحان کم از کم 60 فیصد نمبروں کے ساتھ پاس کیا ہوا۔ غیر ملکی کوالیفکیشن ہونے کی صورت میں آئی بی سی سی کی ایکویلنس لازمی ہے۔ 12 ویں جماعت کے امتحان میں امیدوار کے پاس کردہ مضامین میں بیالوجی، کیمسٹری اور فزکس/میتھ کا ہونا لازمی شرط ہے۔

(iii) پاکستان کے کسی بھی ضلع کا ڈومیسائل رکھنے والے امیدوار پرائیویٹ کالجوں میں داخلے کی درخواست دے سکتے ہیں۔ تاہم پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل ایکٹ 2022ء کے سیکشن (4)17 کے تحت پنجاب کا ڈومیسائل رکھنے والے امیدواروں کو ترجیح دی جائے گی۔

### فارن سیٹوں کیلئے اہلیت

(i) فارن کوٹہ سیٹوں پر داخلے کیلئے امیدوار کے پاس مستقل غیر ملکی نیشنلٹی (Nationality) ہونا یا پھر اوورسیز پاکستانی (یعنی ایسا پاکستانی شہری جو مستقل طور پر کسی غیر ملک میں رہائش پذیر ہو) ہونا ضروری ہے۔ ایسے امیدوار کیلئے لازم ہے کہ اس نے HSSC یا مساوی اہلیت کا امتحان پاکستان سے باہر رہتے ہوئے کم از کم 60 فیصد نمبروں کے ساتھ پاس کیا ہو (ایسے امیدواروں کیلئے آئی بی سی سی کا ایکویلنس سرٹیفکیٹ پیش کرنا لازمی ہے)۔ داخلے کی درخواست جمع کرانے کے وقت امیدوار کا غیر ملک کا رہائشی ہونا شرط ہے اور حوالے سے اس کے پاس اس ادارے کا سرٹیفکیٹ ہونا چاہیے جہاں سے اس نے تعلیم حاصل کی ہے۔ اس کے پاس کردہ مضامین میں بیالوجی، کیمسٹری اور فزکس/میتھ کا ہونا بھی لازمی ہے۔

(ii) امیدوار کیلئے لازم ہے کہ اس نے SAT-II کے امتحان میں بیالوجی، کیمسٹری اور فزکس/میتھ ہر مضمون میں کم از کم 550 نمبر حاصل کیے ہوں۔ یا پھر اس نے انٹرنیشنل ایم کیٹ یا UCAT کا امتحان پاس کیا ہو جس میں اس کے کم از کم نمبر 50 فیصد ہونے چاہئیں۔

(iii) اہل امیدواروں کی عدم دستیابی کے باعث اگر فارن کوٹہ سیٹیں خالی رہ جاتی ہیں تو انھیں میرٹ سیٹوں میں تبدیل کر دیا جائے گا۔ ایسی صورت میں امیدواروں سے میرٹ سیٹوں والی فیس اور دیگر واجبات وصول کیے جائیں گے۔ نااہل امیدوار کو ان سیٹوں پر ہرگز داخل نہیں کیا جائے گا۔

**میرٹ کا فارمولہ:** داخلوں کیلئے میرٹ درج ذیل فارمولہ سے بنایا جائے گا:

| | | |
|---|---|---|
| میٹرک/ایس ایس سی/مساوی امتحان | - | 10 فیصد |
| ایف ایس سی/ایچ ایس ایس سی پری میڈیکل/مساوی | - | 40 فیصد |
| ایم ڈی کیٹ | - | 50 فیصد |

### درخواست دینے کا طریقہ

(i) یو ایچ ایس کی ویب سائٹ پر موجود پرائیویٹ میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں کے آن لائن ایڈمیشن پورٹل پر جائیں۔

(ii) اپنے نام، والد/سرپرست کے نام، اپنے ای میل آئی ڈی اور پاس ورڈ کی مدد سے اکاؤنٹ بنائیں۔

(iii) پہلے مرحلے میں ایم بی بی ایس اور بی ڈی ایس پروگرامز کیلئے اپنی چوائس سلیکٹ کریں۔ آپ ایم بی بی ایس یا بی ڈی ایس یا پھر دونوں سلیکٹ کر سکتے ہیں۔ دونوں پروگرام سلیکٹ کرنے پر آپ سے پوچھا جائے گا کہ آیا آپ ایم بی بی ایس کو ترجیح دیتے ہیں یا بی ڈی ایس کو۔ پروگرامز کی سلیکشن کے بعد آپ کو سیٹوں کی کیٹگریز (یعنی میرٹ یا فارن) سلیکٹ کرنا ہوں گی۔

(iv) اگلے مرحلے میں فارم پر اپنی ذاتی تفصیلات جیسے نام، ڈومیسائل کا ضلع، رابطہ نمبر، پتہ، قومیت، جنس، تاریخ پیدائش وغیرہ کا اندراج کریں۔

(v) بعد ازاں اپنے میٹرک اور ایف ایس سی کے نمبر اور دیگر تفصیلات جیسے پاس کرنے کا سال، مضامین/سٹڈی گروپ وغیرہ درج کریں۔

(vi) اپنے ایم ڈی کیٹ یا دیگر ایڈمیشن ٹیسٹوں کی تفصیلات درج کریں۔

(vii) میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں کیلئے اپنی چوائس دیں۔ آپ تمام یا جتنے چاہیں کالج سلیکٹ کر سکتے ہیں۔ اپلیکیشن کے مندرجات کو درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ تک ایڈٹ کیا جا سکتا ہے۔ لیکن درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ کے بعد درخواست یا کالج چوائس میں کسی بھی قسم کی تبدیلی ممکن نہ ہوگی۔ یاد رہے کہ آپ کو ان کالجوں کیلئے زیر غور نہیں لایا جائے گا جن کی چوائس آپ نے اپنی درخواست میں نہیں دی ہوگی۔

(viii) اگلے مرحلے میں اپنی ضروری دستاویزات اپ لوڈ کریں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ہر دستاویز کا فائل سائز 2 ایم بی سے زیادہ نہ ہو۔ اس حوالے سے ہدایات 8، اکتوبر 2023ء کو شائع ہونے والے اشتہار میں دی جا چکی ہیں۔ یہ اشتہار یو ایچ ایس کی ویب سائیٹ پر دستیاب ہے۔

(ix) الیکٹرانک بیان حلفی/اقرار نامہ کو پڑھ کر اس کو تسلیم کریں۔ درخواست جمع (Submit) کرنے سے پہلے اس میں دی گئی معلومات اور منسلک دستاویزات (Attachments) کی تصدیق کریں۔

(x) اب آپ اپنی آن لائن درخواست جمع (Submit) کرا سکتے ہیں۔ Submit کا بٹن دبانے پر آپ کو ایس ایم ایس اور ای میل کے ذریعے ایک تصدیقی نوٹس موصول ہوگا کہ آپ کی درخواست جمع ہو گئی ہے۔ اپنی جمع کرائی گئی درخواست اور اس کے ساتھ پروسسنگ فیس کا چالان ڈاؤن لوڈ کر کے ان کا پرنٹ لے لیں۔

(xi) بینک آف پنجاب کی کسی قریبی برانچ میں جا کر مبلغ دو ہزار روپے فی پروگرام نقد (ناقابلِ واپسی) پراسسنگ فیس جمع کرائیں۔ اس کے ساتھ ہی آپ کی درخواست جمع کرانے کا عمل مکمل ہو جائے گا۔

### اہم نوٹ

(i) درخواستیں صرف پرائیویٹ سیکٹر کالجوں کے لیے مخصوص آن لائن پورٹل کے ذریعے ہی جمع ہوں گی۔ نامکمل اور بتائے گئے طریق کار کے برخلاف جمع کرائی گئی درخواستیں مسترد کر دی جائیں گی۔ درخواست Submit کرنے کے بعد اس کی پرنٹ کاپی یا بینک میں جمع کرائی گئی فیس کی رسید یونیورسٹی میں جمع کرانے کی ضرورت نہیں۔ البتہ امیدوار کو چاہیے کہ وہ انہیں اپنے پاس بطور ریکارڈ محفوظ رکھے۔

(ii) جعلی یا خودساختہ دستاویزات یا غلط/جھوٹی معلومات دینے والے امیدواروں کی درخواستیں/داخلے فوری طور پر منسوخ کر دیے جائیں گے۔

(iii) تمام میرٹ لسٹیں اور سلیکشن لسٹیں یو ایچ ایس کی آفیشل ویب سائیٹ (www.uhs.edu.pk) پر جاری کی جائیں گی۔

(iv) ایسے امیدوار جن کا نام سلیکشن لسٹ میں آجائے گا، انھیں کالج فیس (میرٹ سیٹوں کیلئے 10 لاکھ روپے اور فارن سیٹوں کیلئے 10 ہزار امریکی ڈالر) کا چالان یو ایچ ایس کے آن لائن ایڈمیشن پورٹل سے ڈاؤن لوڈ کر کے بینک آف پنجاب کی مقررہ شاخوں میں جمع کرانا ہوگا۔ مقررہ تاریخ تک فیس جمع نہ کرانے کی صورت میں امیدوار کا داخلہ منسوخ کر دیا جائے گا اور مزید سلیکشن لسٹوں سے بھی اس کا نام نکال دیا جائے گا۔

(v) صرف انہی امیدواروں کو 'داخل شدہ' سمجھا جائے گا جو درج ذیل دو مرحلے مکمل کریں گے: (الف) اوپر دیے گئے طریقے کے مطابق کالج فیس مقررہ مدت کے اندر جمع کرا دیں گے، اور (ب) مقررہ تاریخ تک اپنے متعلقہ کالج میں تحریری طور پر جوائننگ دے دیں گے۔ سلیکٹ کئے گئے امیدوار کو کالج فیس جمع کرانے کیلئے سلیکشن لسٹ لگنے کے بعد 3 دن (چھٹی کے دن نکال کر) کی مہلت دی جائے گی۔

(vi) داخلوں کا عمل مکمل ہونے پر امیدوار اپنے متعلقہ کالج کی بقیہ فیس اور دیگر واجبات جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ بقیہ فیس جمع نہ کرانے کی صورت میں امیدوار کا داخلہ منسوخ کر دیا جائے گا۔

(vii) دوسری اور اس کے بعد آنے والی سلیکشن لسٹوں میں خالی ہونے والی نشستوں کو اپ گریڈیشن کے عمل سے بھرا جائے گا۔ جس کی بنیاد میرٹ اور امیدوار کی ترجیح (Preference) ہوگی۔ اس حوالے سے یہ بات اہم ہے کہ امیدوار اگر چاہے تو اگلی لسٹ لگنے سے قبل تحریری طور پر اپ گریڈیشن نہ کرنے کی درخواست کر سکتا ہے۔ اس صورت میں اگلی لسٹ میں اس کی اپ گریڈیشن نہیں کی جائے گی اور اس کا داخلہ پہلے والے کالج میں ہی برقرار رکھا جائے گا۔ تاہم ایک مرتبہ اپ گریڈیشن منسوخ کرانے والے امیدوار کو آگے کسی بھی لسٹ میں اپ گریڈ نہیں کیا جائے گا۔

(viii) تسلیم شدہ کالجز کی لسٹ اور سیٹوں کی منظور شدہ تعداد جاننے کیلئے پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل کی ویب سائیٹ (https://pmdc.pk/Colleges/PrivateMedicalColleges) وزٹ کیجئے۔ کالجوں کی فیسوں کے حوالے معلومات کیلئے متعلقہ میڈیکل یا ڈینٹل کالج کی ویب سائٹ دیکھئے۔

### پرائیویٹ اداروں کیلئے داخلہ شیڈول برائے سیشن 2023-24

| نمبر شمار | تفصیل | تاریخ | |
|---|---|---|---|
| -1 | آن لائن درخواست (شروع ہونے کی تاریخ) | 16، اکتوبر 2023ء (پیر) صبح 9 بجے سے | |
| -2 | آن لائن درخواست (آخری تاریخ) | 31، اکتوبر 2023ء (منگل) شام 5 بجے تک | |
| -3 | عبوری میرٹ لسٹ | 2 جنوری 2024ء (پیر) | |
| -4 | حتمی میرٹ لسٹ | 5 جنوری 2024ء (جمعہ) | |
| | سلیکشن لسٹ | ایم بی بی ایس | بی ڈی ایس |
| -5 | پہلی سلیکشن لسٹ بالحاظ کالج | 8 جنوری 2024ء | 12 فروری 2024ء |
| -6 | بینک آف پنجاب میں کالج فیس جمع کرانے کی آخری تاریخ | 11 جنوری 2024ء تک | 15 فروری 2024ء تک |
| -7 | دوسری سلیکشن/اپ گریڈیشن لسٹ | 15 جنوری 2024ء | 16 فروری 2024ء |
| -8 | تیسری سلیکشن/اپ گریڈیشن لسٹ | 22 جنوری 2024ء | 22 فروری 2024ء |
| -9 | کلاسز کا آغاز | یکم فروری 2024ء | یکم مارچ 2024ء |

**پروفیسر ڈاکٹر احسن وحید راٹھور، وائس چانسلر**

یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز
خیابان جامعہ پنجاب، لاہور
فون نمبر: 042-99231305-09

/uhs.lhrofficial /uhs.lhrofficial /uhslhrofficial
/uhslhrofficial www.uhs.edu.pk

6 x 40 Col.